یمن میں جھڑپیں، 78 باغی ہلاک، فورسز نے اہم علاقوں کا کنٹرول سنبھال لیا

الضالع گورنری میں باغیوں کی متعدد گاڑیاں تباہ، شمالی علاقے مریس کو حوثیوں سے خالی کرالیا، ایرانی میزائلوں کی کھیپ پکڑ لی گئی

صنعاء (این این آئی) یمن کی الضالع گورنری میں مختلف مقامات میں آئینی حکومت کی وفادار فوج اور حوثی باغیوں کے درمیان جاری لڑائی کے نتیجے میں 78 جنگجو ہلاک اور 50 سے زائد زخمی ہوگئے جب کہ ان کی متعدد گاڑیاں کو بھی تباہ کر دیا گیا، عرب ٹی وی کے مطابق سرکاری فوج نے الضالع گورنری کے شمالی علاقے مریس سے باغیوں کو باہر نکال کر اس کا کنٹرول حاصل کر لیا ہے، اس کے علاوہ القصبہ پہاڑی علاقے، الصدی الشامی، اور بعض دوسرے مقامات سے بھی باغیوں کو پسپا کر دیا گیا ہے، اطلاعات کے مطابق گذشتہ روز حملوں میں الضالع میں 32 حوثی ہلاک اور 22 زخمی ہوئے، شمالی الضالع کی دست ڈائریکٹوریٹ میں داخلے کی کوشش کے دوران جوابی کارروائی میں 26 حوثی جنگجو ہلاک ہو گئے۔ مریس اتحادی یمن کی سرکاری فوج نے بتایا ہے کہ ایرانی حمایت یافتہ حوثی ملیشیا کو گاتیہ شامیز میزائلوں کی کھیپ پہنچانے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے اسلحے گولہ بارود اور میزائلوں سے لدا ایک ٹرک پکڑ لیا ہے۔ سرکاری فوج کا کہنا تھا کہ ٹرک کو قبضے میں لینے کے بعد اس کے ڈرائیور کو حراست میں لے لیا گیا ہے اور اس سے پوچھ گچھ کی جا رہی ہے۔

بھارت: 20 سال سے جنگل کی حفاظت کرنے والا خواتین پر مشتمل لاٹھی بردار گروہ

engro corp

اطلاع برائے اجلاس

بذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ اینگرو کارپوریشن لمیٹڈ (دی "کمپنی") کا 53 واں سالانہ اجلاسِ عام بدھ 24 اپریل 2019، صبح 10:00 بجے، کراچی میریٹ ہوٹل، عبداللہ ہارون روڈ، کراچی میں منعقد کیا جائے گا جس میں مندرجہ ذیل امور پر غور کیا جائے گا:

(A) عمومی کاروبار

(1) سال کے اختتام، 31 دسمبر، 2018 کے لیے کمپنی کے الگ الگ اور آڈٹ شدہ اکاؤنٹس معہ ڈائریکٹر اور آڈیٹر کی رپورٹس اور چیئرمین کی جائزہ رپورٹ وصول کرنا اور اس پر غور وخوض کرنا۔

(2) 31 دسمبر 2018 کو ختم ہونے والے سال کیلئے 2:00 روپے (20 فیصد) کی شرح کے حساب سے حتمی ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کا اعلان۔

(3) کمپنی کے آڈیٹرز کی تقرری اور اُن کے معاوضے کا تعین کرنا۔ ممبران کو بذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ آڈٹ کمیٹی اور بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنی کے آڈیٹرز کیلئے سبکدوش ہونے والے آڈیٹرز میسرز اے۔ایف فرگوسن اینڈ کمپنی کے نام کی سفارش کی ہے۔

(B) خصوصی کاروبار

(4) غور کرنا اور اگر مناسب سمجھا گیا تو مندرجہ ذیل قرارداد کی ترمیم کے ساتھ یا بلا ترمیم بطور خصوصی قرارداد منظوری دینا:

"قرار پایا کہ کمپنی کا آتھرائزڈ کیپیٹل جو 5,500,000,000 (پانچ سو ملین روپے) ہے اور 10 روپے فی عمومی شیئر کے حساب سے 550,000,000 (پانچ سو پچاس ملین) میں تقسیم کیا گیا ہے، سے بڑھ کر 7,000,000,000 روپے (سات بلین روپے) کیا جائے اور 10 روپے فی عمومی شیئر کے حساب سے 700,000,000 (سات سو ملین) میں تقسیم کیا جائے اور یہ کہ:

(a) کمپنی کے میمورینڈم آف ایسوسی ایشن کے کلاز 5 میں ترمیم کی جائے اور ترمیم شدہ کلاز درج ذیل طریقے سے پڑھا جائے:

"5۔ کمپنی کا شیئر کیپیٹل 7,000,000,000 (سات بلین روپے) ہے اور اسے 10 روپے کے فی عمومی شیئر کے حساب سے 700,000,000 عمومی شیئرز میں تقسیم کیا گیا ہے۔"

(b) کمپنی کے آرٹیکل آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 5 میں ترمیم کی جائے اور ترمیم شدہ آرٹیکل اس طرح پڑھا جائے:

"5۔ کمپنی کا شیئر کیپیٹل 7,000,000,000 روپے (سات بلین روپے) ہے اور اسے 10 روپے کے فی عمومی شیئر کے حساب سے 700,000,000 عمومی شیئرز میں تقسیم کیا گیا ہے۔"

"مزید قرار پایا کہ عمومی شیئرز کے اجراء کے وقت ووٹنگ کے مساوی حقوق حاصل ہوں گے اور کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات کے تحت ہر لحاظ سے کمپنی کے موجودہ عمومی شیئرز کے مساوی ہوں گے۔"

"مزید قرار پایا کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر یا کمپنی سیکریٹری تمام قانونی اور کارپوریٹ ذمہ داریاں پوری کرنے کیلئے اور اس قرارداد کو موثر بنانے اور اس کے نفاذ کیلئے رجسٹرار میں تمام ضروری دستاویزات فائل کرنے کیلئے تمام افعال، اعمال اور کوئی بھی یا تمام ضروری اقدامات کرنے کا مجاز ہے۔"

(5) غور کرنا اور اگر مناسب سمجھا جائے تو ڈائریکٹرز کی تجویز پر 10 فیصد کے حساب سے بونس شیئرز کا اجراء اور مندرجہ ذیل قرارداد کی بطور عمومی قرارداد منظوری دینا:

"قرار پایا کہ

(a) پیر 6 مئی 2019 کو ممبران کے رجسٹر میں درج ممبروں کو ہر 10 عمومی شیئرز کیلئے ایک عمومی شیئر کے تناسب سے، جو کہ 10 فیصد فی عمومی شیئر ہے، بطور بونس شیئرز کے اجراء کیلئے کمپنی کے آزاد ذخائر میں سے 523,784,750 روپے (پانچ سو تیئیس ملین، سات سو چوراسی ہزار، سات سو پچاس روپے) کی سرمایہ بندی کی جائے گی۔ یہ بونس شیئرز ہر لحاظ سے موجودہ شیئرز کے مساوی سمجھے جائیں گے تاہم 31 دسمبر 2018 کو ختم ہونے والے سال کیلئے اعلان شدہ ڈیویڈنڈ کے اہل نہیں ہوں گے۔

(b) وہ ممبران جو شیئرز کی تقسیم کے مجاز ہیں، انھیں انکی فروخت کے بارے میں تفصیلات دی جائیں گی کہ ان کے کُل شیئرز، مکمل شیئرز میں کس مقصد کیلئے جمع کیے جائیں گے اور کس مقصد کیلئے پاکستان اسٹاک ایکسچینج کو فروخت کیے گئے ہیں۔

(c) مذکورہ بالا کے نفاذ کے پیشِ نظر، کمپنی سیکریٹری اس قرارداد کو نافذ کرنے کا اختیار رکھتا ہے اور ایسا کرنے اور اجرا، الاٹمنٹ، بونس شیئرز کی تقسیم یا ان کی فروخت سے ہونے والی آمدنی کی ادائیگی کیلئے تمام افعال، اعمال کا مجاز ہے۔

کراچی،
تاریخ: 19 فروری 2019

بحکم بورڈ
فیض چھاپرا
کمپنی سیکریٹری اور جنرل کونسل

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 134(3) کے بیان کے مطابق نوٹس کے آئٹم نمبر 4 اور 5 میں خصوصی کاروبار سے متعلق تمام مادی حقائق جن پر اجلاس میں غور کیا جائے گا، ممبران کو اجلاس کی اطلاع کے نوٹس کے ساتھ منسلک کر دیا جائے گا۔

نوٹس:

1۔ **ڈیویڈنڈ کے استحقاق اور سالانہ عمومی اجلاس میں شرکت کیلئے کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس کی بندش:** کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس بدھ 17 اپریل 2019 سے بدھ 24 اپریل 2019 (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ اس سلسلے میں ہمارے رجسٹرار، میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 8 الایف، مفصل ہوٹل فاران، نر سری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل، کراچی پی اے بی ایکس نمبرز 5-34380101 (21-92) اور ای میل info.shares@famco.com.pk پر منگل 16 اپریل 2019 کو کاروبار کے اختتام (شام 5:00 بجے) تک موصول ہونے والے ٹرانسفرز کو ٹرانسفریز کو حتمی کیش ڈیویڈنڈز کی ادائیگی اور اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے لئے بروقت تصور کیا جائے گا۔

2۔ **بونس کے استحقاق کیلئے شیئر ٹرانسفر بکس کی بندش:** کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس پیر 6 مئی 2019 سے پیر 13 مئی 2019 (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ اس سلسلے میں ہمارے رجسٹرار، میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے مذکورہ بالا پتے پر جمعہ 3 مئی 2019 کو کاروبار کے اختتام (شام 5:00 بجے) تک موصول ہونے والے ٹرانسفرز کو بونس شیئرز کے استحقاق کے لئے بروقت تصور کیا جائے گا۔

3۔ اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل ممبر اپنی جگہ کسی دوسرے فرد کو بطور پروکسی مقرر کرنے کا اہل ہو گا، جو اس کی جگہ اجلاس میں شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کا اہل ہو گا اور نامزد کئے گئے اس پروکسی کو اجلاس میں ممبر کو دستیاب حقوق، جیسے اجلاس میں شریک ہونا، اظہارِ رائے اور ووٹ ڈالنے کے حقوق حاصل ہوں گے۔ پروکسیز موثر ہونے کیلئے درخواست اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کو موصول ہونا لازمی ہے۔ پروکسی کا کمپنی کا ممبر ہونا لازمی نہیں ہے۔

4۔ کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے مطابق ڈائریکٹروں کے انتخاب کیلئے یا کسی بھی دوسرے ایجنڈے کیلئے جو کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشنز 143 اور 144 کی ضروریات سے مشروط ہیں، ممبران کو پوسٹل بیلٹ کے ذریعے یعنی بذریعہ ڈاک یا کسی بھی الیکٹرونک ذریعے سے متذکرہ ریگولیشنز کی ضروریات اور طریقوں کے مطابق اپنا حقِ رائے دہی استعمال کرنے کی اجازت ہو گی۔

5۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 کی دفعات کے مطابق ایک لسٹڈ کمپنی شیئر ہولڈرز کو کیش ڈیویڈنڈز کی ترسیل صرف الیکٹرونکلی بذریعہ راست ان کے بتائے گئے بینک اکاؤنٹ میں کر سکتی ہے۔ اس قانون کی تعمیل کے پیشِ نظر، شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ای۔ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم میں دی گئی تفصیلات کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فراہم کریں۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو اپنی معلومات براہِ راست اپنے بروکر (پارٹیسیپینٹ)/ سینٹرل ڈپازٹری کمپنی لمیٹڈ کو بھیجنا ہو گی۔

6۔ ایس ای سی پی کی ہدایات کے مطابق ان شیئر ہولڈرز کو، جن کے سی این آئی سی کی کاپیاں کمپنی کو موصول نہیں ہوئی ہیں، ان کے ڈیویڈنڈ اس وقت تک الیکٹرونکلی منتقل نہیں کئے جائیں گی جب تک کہ ان کی سی این آئی سی کی کاپیاں موصول نہ ہو جائیں۔ لہٰذا انفرادی شیئر ہولڈرز جنھوں نے اپنی سی این آئی سی کی کاپیاں جمع نہیں کروائی ہیں، ان سے درخواست ہے کہ وہ جلد از جلد کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس جمع کروائیں۔ کارپوریٹ اداروں سے درخواست ہے کہ اپنے این ٹی این جمع کروائیں۔ اپنے سی این آئی سی/ این ٹی این جمع کراتے وقت شیئر ہولڈر اپنا متعلقہ فولیو نمبر ضرور لکھیں۔ فزیکل شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ اپنے پتے میں تبدیلی کے بارے میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو اور سی ڈی سی شیئر ہولڈر کی صورت میں اپنے بروکر (پارٹیسیپینٹ) کو آگاہ کریں۔

7۔ پہلے شیڈیول آف انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے پارٹ III کے ڈویژن I کے ساتھ سیکشن 150 کے مطابق، فائلر اور نان فائلر شیئر ہولڈرز کی ڈیویڈنڈ انکم پر بالترتیب 15 اور 20 فیصد کے حساب سے دو ہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کی جائے گی۔ "فائلر" وہ ٹیکس دہندہ ہے جس کا نام ایکٹو پیئرز لسٹ (اے ٹی ایل) میں ایف بی آر کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری کیا جاتا ہے اور "نان فائلر" وہ شخص ہے جس کا نام اس لسٹ میں موجود نہیں ہوتا۔ کمپنی کی جانب سے فائلر کے 15 فیصد ٹیکس کی کٹوتی کیلئے تمام شیئر ہولڈرز کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اس بات کی یقین دہانی کر لیں کہ ان کے نام ایف بی آر کی ویب سائٹ پر دستیاب تازہ ترین اے ٹی ایل میں موجود ہے، بصورتِ دیگر ان کے کیش ڈیویڈنڈ پر نان فائلر کیلئے 20 فیصد کے حساب سے کٹوتی کی جائے گی۔ ڈیویڈنڈ انکم پر دو ہولڈنگ ٹیکس سے استثنیٰ کی صرف اسی صورت میں اجازت ہو گی جبکہ کتاب کی بندش کے پہلے روز فعال ٹیکس استثنیٰ سرٹیفکیٹ کی کاپی کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو پیش کی جائے گی۔

8۔ ایف بی آر نے واضح کر دیا ہے کہ جوائنٹ اکاؤنٹ کی صورت میں ہر شیئر ہولڈر کو الگ الگ فائلر یا نان فائلر تصور کیا جائے گا اور ہر شیئر ہولڈر کے ٹیکس سے انفرادی شیئر ہولڈنگ کی بنیاد پر اس شیئر ہولڈر کی جانب سے ہمارے شیئر رجسٹرار کو مندرجہ ذیل طریقے سے تحریری طور پر دی گئی تفصیلات کے مطابق ٹیکس کی کٹوتی کی جائے گی۔ بصورتِ دیگر ہر جوائنٹ ہولڈر کے پاس مساوی شیئرز تصور کیے جائیں گے:

کمپنی کا نام	فولیو/سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر	کُل شیئرز	پرنسپل شیئر ہولڈر	جوائنٹ شیئر ہولڈر
			نام اور سی این آئی سی نمبر شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد)	نام اور سی این آئی سی نمبر شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد)

9۔ ایس ای سی پی کے سرکلر نمبر 10 بتاریخ 21 مئی 2014 کے تحت اگر کمپنی کے سالانہ اجلاسِ عام سے سات روز قبل تک مجموعی طور پر 10 فیصد سے زائد شیئر ہولڈنگ رکھنے والے جغرافیائی حدود میں رہنے والے شیئر ہولڈرز ویڈیو کانفرنس کے ذریعے اجلاس میں شرکت کرنا چاہیں تو کمپنی اس شہر میں ویڈیو کانفرنس کا انتظام کرے گی، جو کہ اس شہر میں اس سہولت کی دستیابی سے مشروط ہے۔ کمپنی ویڈیو کانفرنس کی جگہ اور اس سہولت کے حصول سے متعلق مکمل اور ضروری معلومات کے بارے میں اجلاس سے پانچ روز قبل ممبران کو آگاہ کرے گی۔ اس سہولت کی دستیابی کیلئے، براہِ مہربانی کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو مندرجہ ذیل معلومات فراہم کریں۔

میں اہم بحیثیت ممبر اینگرو کارپوریشن لمیٹڈ، جس کے پاس رجسٹر فولیو نمبر _____ کے عمومی شیئرز ہیں، بذریعہ ہذا _____ شہر میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنا چاہتا ہوں (براہِ مہربانی شہر کا نام لکھیں)

ممبر کے دستخط

BOND

افغان باقی کہسار باقی الحکم للہ الملک للہ

افغان فورسز اور طالبان میں جھڑپیں، 4 ہلاک، 3 زخمی

جھڑپیں جنوبی افغان ضلع چھورا کے گاؤں پوپل زئی میں ہوئیں

کابل (آئی این پی/شہود) افغان فورسز اور طالبان میں جھڑپوں کے باعث کم از کم 4 انتہا پسند ہلاک اور 3 زخمی ہو گئے یہ جھڑپیں جنوبی افغانستان کے ضلع چھورا میں ہوئیں، سرکاری طور پر جاری کیے گئے بیان میں کہا گیا ہے کہ ضلع چھورا کے گاؤں پوپل زئی میں ہونے والی جھڑپوں کے دوران 4 انتہا پسند ہلاک اور 3 زخمی ہوئے تاہم مزید تفصیل نہیں بتائی گئی طالبان نے بھی اس بارے میں کوئی بیان جاری نہیں کیا۔

بھارت: 20 سال سے جنگل کی چوکیداری کرنے والا لاٹھی بردار خواتین کا گروہ

اوڈیشا (نیٹ نیوز) بھارت میں گاؤں کی خواتین ایک جنگل کو مسیحا مان کر اس کی حفاظت کیلئے 20 سال چوکیداری کر رہی ہیں۔ بھارتی ریاست اڑیسا کی 75 خواتین کا گروہ گزشتہ برس سے 75 ہیکٹر پر مشتمل جنگل کی حفاظت کر رہا ہے۔

جرمنی میں ریل گاڑیوں پر ناکام حملے کا مبینہ ملزم عراقی باشندہ گرفتار

برلن (نیٹ نیوز) آسٹریا کے حکام نے تصدیق کی ہے کہ اس عراقی شخص کو حراست میں لے لیا گیا ہے، جو جرمنی میں ریل گاڑیوں کے مبینہ ناکام حملوں میں ملوث تھا۔ آسٹریائی اور جرمن حکام نے مشترکہ طور پر بیالیس سالہ مشتبہ ملزم کو ویانا میں سے گرفتار کرنے کی کارروائی میں حصہ لیا تھا۔

افریقہ: سمندری طوفان ایڈائی کی تباہ کاریاں، ہلاکتیں 700 تک پہنچ گئیں

طوفان سے متاثرہ 10 لاکھ بچوں کو فوری مدد کی ضرورت ہے، سیکریٹری جنرل اقوام متحدہ

پیرہ موہ تیق (صباح نیوز) افریقہ میں سمندری طوفان ایڈائی کی تباہ کاریاں جاری، سمندری طوفان کے باعث ہلاکتوں کی تعداد 700 تک پہنچ گئی۔ سیکریٹری جنرل اقوام متحدہ انتونیو گوتریس نے ماحولیاتی تبدیلی کے خطرے سے متعلق گاہے گاہے کرتے ہوئے کہا سمندری طوفان اب تک کروڑوں لوگوں کو متاثر اور ایک بلین ڈالر سے زائد کا نقصان کر چکا ہے۔ انتونیو کے مطابق طوفان سے متاثرہ 10 لاکھ بچوں کو فوری مدد کی ضرورت ہے۔ سمندری طوفان کا پانی کھڑا ہونے سے وبائی امراض پھوٹنے کا خدشہ ہے۔ اقوام متحدہ متاثرہ علاقوں کے عوام کو ریلیف دینے کیلئے بھرپور کوششیں کر رہی ہے۔

چین نے اروناچل پردیش کو بھارت کا حصہ دکھانے والے 30 ہزار نقشے ضائع کر دیئے

شانگ ڈونگ کے علاقے میں دفتر پر چھاپے کے دوران 8 سو سے زائد صندوق قبضے میں لے لیے

بیجنگ (اے پی پی) چین نے ایسے 30 ہزار عالمی نقشوں کو ضائع کر دیا ہے جس میں اروناچل پردیش کو بھارت کا حصہ دکھایا گیا تھا، چین کا یہ اقدام اروناچل پردیش پر اس کے سخت موقف کا واضح ثبوت ہے۔ چینی سفر حکام نے شانگ ڈونگ صوبے کے شہر گنگ ڈو میں کارروائی کر کے ایک دفتر پر چھاپہ مار کر 8 سو سے زائد صندوقوں کو قبضے میں لے لیا جن میں اروناچل پردیش کو بھارت کی ریاست دکھایا گیا تھا

اختر آباد میں کمسن بچی جھنگ اور احمد پور سیال میں 3 خواتین زیادتی کا شکار

اختر آباد + جھنگ + احمد پور سیال (نامہ نگاران) اختر آباد میں چھ سالہ بچی اور جھنگ، احمد پور سیال اور عیسے والا میں 3 خواتین کو زیادتی کا شکار ہو گئیں۔

ایران کیخلاف مزید پابندیاں، امریکہ نے 9 شخصیات اور 16 اداروں کو بلیک لسٹ کر دیا

پابندیوں کی زد میں آنے والوں میں بنک، مالیاتی ادارے اور تنظیمیں شامل، پاسداران انقلاب کے تحت کام کرنے کا الزام

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کی وزارت خزانہ نے ایران کے 16 اداروں اور 9 شخصیات پر دفاع، جدت اور تحقیق کے شعبوں میں پابندیاں عائد کر دی۔ اس کے علاوہ امریکی حکومت کی طرف سے ترکی کے بعض اداروں کو بھی بلیک لسٹ کر دیا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق امریکا کی طرف سے ایرانی اداروں اور شخصیات کو پابندیوں کا نیا ہدف بنایا ہے۔ ان میں بنک، مالیاتی ادارے اور دیگر تنظیمیں شامل ہیں۔ پابندیوں کا شکار ہونے والے اداروں میں اٹلس جیلری کمپنی اور انصار بنک شامل ہیں۔ امریکی وزارت خزانہ کا کہنا تھا کہ اٹلس کمپنی اور انصار بنک ایرانی پاسداران انقلاب کے ماتحت کام کرتے ہیں اور ان کی سرگرمیاں ترکی میں بھی موجود ہیں۔ مجموعی طور پر یہ ادارے اور شخصیات ایک ارب ڈالر کی رقوم ایران کو منتقل کرتے ہیں۔ امریکا کی طرف سے جن افراد پر پابندیاں عاید کی گئی ہیں وہ الصرافہ کمپنی اور انصار بنک کے ساتھ منسلک ہیں۔ ان میں سے دو ڈائریکٹرز عہدے کے اثر ان شامل ہیں۔ امریکی وزارت خزانہ کے معاون شیکل مانڈیکر کا کہنا تھا کہ صرافہ کمپنی اور انصار بنک دنیا کے مالیاتی نظام کو دھوکا دینے کے ایرانی منصوبے ہیں جو عالمی پابندیوں سے بچتے ہوئے ایران کو رقوم کی منتقلی اور دیگر سہولیات کی فراہمی میں ملوث ہیں۔

ترکی: امریکی قونصل خانے کے ترک ملازم کے خلاف جاسوسی کے مقدمے کی سماعت

استنبول (اے پی پی) ترکی کے شہر استنبول میں امریکی قونصل خانے کے ایک ترک ملازم کے خلاف جاسوسی کے الزام میں مقدمے کی سماعت شروع ہو گئی۔ امریکی قونصل خانے میں مترجم ملازم متین طوپوز کو 2017 میں فتح اللہ گولن کی تحریک سے تعلق رکھنے پر گرفتار کیا گیا تھا۔

فلوریڈا میں بوئنگ 737 میکس طیارہ حادثے سے بال بال بچ گیا

واشنگٹن (اے پی پی) امریکی کمپنی بوئنگ کا تیار کردہ ایک اور 737 میکس ہوائی جہاز حادثے سے بال بال بچ گیا۔ امریکی ریاست فلوریڈا میں اس طیارے کے انجن میں پرواز بھرنے کے کچھ دیر بعد ہی خرابی پیدا ہو گئی جس کی وجہ سے اسے ایمرجنسی لینڈنگ کرنا پڑی۔

جاپان، مغربی دو جزیروں پر میزائل سکواڈ تعینات

ٹوکیو (اے پی پی) جاپان نے مغربی بحرالکاہل کے قریب واقع دو جزیروں پر میزائل سکواڈ سمیت زمینی فوج کے دو یونٹ تعینات کئے ہیں جہاں ان جزائر کے قریب چینی بحری فوج کے جہاز سرگرمی سے گشت کر رہے ہیں۔

چین کے ساحلی جزیرے میں 5.4 شدت کا زلزلہ

بیجنگ (آئی این پی/شہود) ٹوکیو کے جنوب مشرقی ساحلی جزیرے کوئی شو میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ ریکٹر سکیل پر زلزلے کی شدت 5.4 ریکارڈ کی گئی جاپان کے زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کا مرکز شمال مشرق میں واقع تھا اور گہرائی 10 کلومیٹر بتائی گئی ہے۔

مہاجرین کو بچانے کے یورپی مشن کا دائرہ کار محدود کرنے کا فیصلہ

روم (اے پی پی) کھیرہ روم میں مہاجرین کو بچانے اور انسانی سمگلروں کا قلع قمع کرنے کے لئے یورپی یونین کے مشن 'صوفیہ' کا دائرہ کار محدود کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ جرمن نشریاتی ادارے کے مطابق اب اس مشن کے لئے نئوی کے جہاز تعینات نہیں کئے جائیں گے۔

یورپی پارلیمان نے ڈے لائٹ سیونگ سسٹم کو ختم کرنے کی منظوری دے دی

برسلز (اے پی پی) یورپی پارلیمان نے یورپ میں 2021ء سے ڈے لائٹ سیونگ سسٹم کو ختم کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ موجودہ ٹائم سسٹم کے مطابق مغربی یورپ میں ہر سال معیاری وقت 2 بار ایک بار مارچ کے آخر اور دوسری بار اکتوبر کے آخر میں تبدیل ہوتا ہے۔

چین اور اٹلی میں 2020 کو ثقافت اور سیاحت کا سال منانے کا معاہدہ

بیجنگ (آئی این پی/شہود) اٹلی نے پہلے دنوں چین کے ساتھ بیلٹ اینڈ روڈ منصوبے کی تعمیر میں مشترکہ طور پر دلچسپی کیلئے مفاہمت کی دستاویز (ایم او یو) پر دستخط کیے ہیں۔ جس کے تحت دونوں ممالک 2020 کو ثقافت اور سیاحت کے سال کے طور پر منائیں گے۔

پاکستان میں 80 لاکھ افراد چرس کا نشہ کرتے

کراچی پہلے، راولپنڈی دوسرے نمبر پر

فیصل آباد (آئی این پی) پاکستان میں 80 لاکھ سے زائد افراد چرس کا نشہ کرنے کے عادی کراچی پہلے راولپنڈی دوسرے نمبر پر ہیں۔

ایف آئی اے کا سمڑیال میں غیر قانونی ایکسچینج پر چھاپہ، 3 ملزم گرفتار

سیالکوٹ (نامہ نگار) وفاقی تحقیقاتی ادارہ ایف آئی اے نے سمڑیال میں چھاپہ مار کر غیر قانونی گیٹ وے ایکسچینج پکڑ کر تین ملزمان کو گرفتار کر کے بیالیس گیٹ وے اور چھ سو سم کارڈز و دیگر سامان برآمد کر کے قبضہ میں لے لئے۔ سمڑیال میں اجمد اور اس کے ساتھیوں نے غیر قانونی گیٹ وے ایکسچینج قائم کر رکھی تھی۔

اپیل

مخیر حضرات سے اپیل ہے کہ دل کھول کر اس فنڈ میں عطیات جمع کروائیں

نوائے وقت فنڈ برائے محصورین پاکستان در بنگلہ دیش

23۔ شارع فاطمہ جناح، لاہور

اکاؤنٹ نمبر 01380043512303

ایچ بی ایل لیک روڈ برانچ، لاہور

طالبات رات کو جلدی سویا کریں

برادرم شیخ رشید نے طالبات کو موبائل فون کم استعمال کرنے اور رات کو جلدی سونے کا مشورہ دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میرا بس چلے تو موبائل فون ہی بند کرا دوں۔ یہ بہت اچھی بات انہوں نے کی ہے، یہ پاکستان کا کوئی وزیر بلکہ وزیر شذیر نہیں کر سکتا اچھے گھر میں رہنے والا آدمی ہی یہ بات کر سکتا ہے۔ جبکہ وہ غیر شادی شدہ ہیں۔ مگر جائنٹ فیملی سسٹم میں بچیاں تو گھر میں ہوتی ہیں۔ نام نہاد ترقی کے نام پر ایسی ایسی قباحتیں معاشرے میں پیدا ہو رہی ہیں کہ خدا کی پناہ۔ اب ہر لڑکی یعنی طالبہ کے پاس پرس ضرور ہوتا ہے خواہ اس میں کوئی پیسہ نہ ہو، پرس میں اس کے علاوہ بہت چیزیں ہوتی ہیں۔ میک اپ کا سارا سامان ہوتا ہے۔ ایک شخص نے کسی سے پنسل مانگی کہ سر پر بال سنوار سکے۔ اس نے کہا کہ میرے پاس تو نہیں ہے مگر تم کسی گنجے آدمی سے مانگو اور گنجے آدمی کے پاس پنسلیں موجود تھی۔ تو کسی بھی خاتون کے پاس میک اپ کا سارا ساز و سامان موجود ہو گا۔ مانگ کے دیکھیں، وہ اگر نہ دے تو اس کی مرضی ہے۔

اب ہر لڑکی کے پاس موبائل فون بھی ضرور ہوتا ہے اور وہ کہیں کھڑے ہو کر بہت اطمینان سے گپ شپ کر سکتی ہے۔ تو جلدی سونے اور موبائل فون کم سننے کا مشورہ بہت اچھا ہے، مگر وہ مشورہ مانیں گی نہیں بلکہ سنیں گی ہی نہیں نوائے وقت میں چھپی تین سطری خبر میں شیخ صاحب نے یہ بڑا زور دیا ہے۔ شیخ صاحب مشرقی ماحول اور اچھی روایت کے آدمی ہیں۔ وہ سڑکوں پر کھلے عام گھٹنوں موبائل فون سننے کو بہت معیوب سمجھتے ہیں۔ موبائل فون پر رومانوی باتیں ہوتی ہیں۔ ورنہ گھر پر پی ٹی سی ایل فون سے اس طرح باتیں نہیں ہو سکتیں، ویسے انہیں اب گھر پر بھی یہ باتیں کرنے میں شرم نہیں آتی۔ موبائل فون کی وجہ سے انہیں آسانی ہوتی ہے، وہ کبھی بھی فون کرنے جا سکتی ہیں، ٹہلنا چاہیں تو ہر طرح کی سہولت موجود ہے۔ رات کو جلدی سونے کا مشورہ بہت خوب اور قابل غور ہے کیونکہ بعض اوقات لڑکیاں ساری ساری رات موبائل فون پر بات کرتی ہیں۔ رات کو جلدی سونے کے لئے ہمارے بزرگ اور حکیم صاحبان بہت زور دیتے تھے۔ رات آرام کرنے کیلئے اور سونے کے لئے بنائی گئی ہے۔ عشاء کی نماز کے بعد سونا ضروری سمجھا جاتا تھا۔ اب طلبہ و طالبات عشاء کی نماز ہی نہیں پڑھتے، وہ احتیاطاً کوئی بھی نماز نہیں پڑھتے۔

اس سے یہ تو پتہ چلا ہے کہ شیخ رشید نماز پڑھتے ہیں، عشاء کی نماز تو پڑھتے ہوں گے۔ اس لئے انہیں

جلدی سونے کی عادت ہے۔ پھر وہ صبح بھی جلدی اٹھتے ہوں گے اور صبح کی نماز بھی پڑھتے ہوں گے کئی لوگ صبح اور رات کی نماز ضرور پڑھتے ہیں نماز کے کئی فائدے ہیں۔ اخروی بھی اور دنیاوی بھی رسول کریمؐ کا کوئی کام بھی دین اور دنیا کے معاملات کے احتراج سے ترتیب پاتا تھا۔ آپؐ نے دین و دنیا کو ساتھ ساتھ رکھا۔

آبکل رات دیر سے سونے کا کلچر عام ہو چکا ہے۔ آدھی رات کے بعد اصل سرگرمیاں شروع ہوتی ہیں۔ کسی دوست نے رات دس بجے گھر جانے کی اجازت طلب کی تو ہمارے ایک بڑے گفتگی مزاج کے دوست کالم نگار ہارون الرشید نے کہا کہ یہ کوئی گھر جانے کا وقت ہے۔ رات کو گھر جانے کا وقت یہ ہوتا ہے کہ جب سب گھر والے سو جائیں تو ان کو جا کے جگایا جائے۔

ایک بڑے شاعر اور زندہ و بیدار آدمی ناصر کاظمی نے کہا تھا کہ رات آدھی رات کے بعد شروع ہوتی ہے۔ راتوں کو جاگنا ولی لوگوں کا کام ہے اور ولی زندگی کے تمام شعبوں میں ہوتے ہیں۔ بھی آپ داتا دربار جائیں وہاں رات کو دن کا سماں ہوتا ہے۔

دن کو تو ہر آدمی جاگتا ہے، رات کو جاگنا اصل جاگنا ہے، اور جاگنا ہی جیون کا نام ہے، ایک بڑے صوفی شاعر بلھے شاہ نے کہا تھا۔

راتیں جاگن کتے
تیں تھیں اُتے

ترجمہ:۔ رات کو کتے جاگتے ہیں اور وہ تم سے بالاتر اور بہتر ہیں۔ مجھے معلوم نہیں شیخ رشید نے اپنی یہ بات کہاں کس موقع پر کہی ہے۔ بہرحال یہ بات بہت بامعنی اور مفید ہے۔ اور اس میں ایک نیا پن بھی ہے کیونکہ ایسی باتیں بڑے سیاستدان نہیں کرتے۔ ان کی سیاست کے دائرے میں یہ بات نہیں آتی مرے خیال میں ایسی بات بھی سیاستدانوں کی طرف سے ہونا چاہئے۔ مگر شیخ رشید ہیں کہ انہوں نے یہ بات کر دی ہے۔ اس سے یہ بھی خطرہ ہے کہ طالبات ان سے ناراض ہو جائیں مگر بھلی بات یہ ہے کہ شیخ صاحب نے جو بات کہنا ہو کہہ دیتے ہیں وہ بہت بے خوف اور بے نیاز آدمی ہیں۔

میں انہیں پسند کرتا ہوں۔ ایک حسن اتفاق یہ بھی ہے کہ جب میں گارڈن کالج راولپنڈی میں پڑھا تا تھا وہ یہاں پڑھتے تھے۔ میں پڑھنے والے طلبہ و طالبات کو پڑھانے والوں سے برتر سمجھتا ہوں۔ کم از کم خود سے تو برتر سمجھتا ہوں، میں نے شیخ صاحب کا وہ زمانہ دیکھا ہے وہ ان کے اس زمانے س